## سوال

چار بیویوں کے ہوتے ہوئے لونڈی سے تعلقات قائم کرنا

## جواب

چار بیویوں کے ہوتے ہوئے لونڈی سے ازدواجی تعلقات السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میرے دوست کی چار بیویاں ہیں اوراس نے ایک لونڈی بھی خریدلی ہے مگروہ اب لونڈی سے ازدواجی تعلقات قائم کرنا چاہتا ہے کیا یہ درست ہے ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! شرعا چار بیویوں کی موجودگی میں بھی لونڈی سے مباشرت کرنا جائز ہے۔ مگر یہ سوال مجھے حقیقت سے زیادہ مفروضہ ہی لگتا ہے۔ محسوس ایسے ہوتا ہے کہ آپ کے دوست نے لونڈی کا مفہوم نہیں سمجھا، لونڈی اس عورت کو کہا جاتا ہے جو مسلمانوں اور کفار کے درمیان جنگ ہونے کی صورت میں کافرہ عورت گرفتار ہو کر مسلمانوں کے ہاتھ آجائے، اور کمانڈر اسے فوج میں سے کسی کو دے دے، اور عصر حاضر میں اس کا وجود تقریبا ناممکن ہے۔ باقی اگر اس نے کوئی عورت بیگار کیمپ سے یا بردہ فروشوں سے کسی عورت کو خرید لیا ہے تو وہ لونڈی نہیں ہے۔ ایسی عورت کے ساتھ بیوی بنانے کے بعد ہی تعلقات قائم ہو سکتے ہیں، اور پہلے سے چار بیویوں کی موجودگی میں اس سے نکاح نہیں ہو سکتا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث